WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا(۲۱)وَلَا
تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ط اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ط وَسَآءَ
سَبِيْلًا(۲۲)حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ
وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ
وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا
جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ
سَلَفَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا(۲۳)

**وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ**
ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ط فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ط وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ م بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَلِيْمًا حَكِيْمًا(۲۴)وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا
مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ط بَعْضُكُمْ مِّنْ م بَعْضٍ
فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا
مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ
الْعَذَابِ ط ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ط وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ(۲۵)يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ عَلَيْكُمْ ط وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ(۲۶)وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ اَنْ تَمِيْلُوْا
مَيْلًا عَظِيْمًا(۲۷)يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا(۲۸)



اورتم دیا ہوا مال کیسے لے سکتے ہو جب کہ تم (تحفے تحائف سے) ایک دوسرے تک پہنچ چکے اور ہم تم سے ان کا مضبوط عہد باندھ چکے۔(21) جن عورتوں سے تمہارے باپ دادا نے نکاح کئے انہیں (یعنی اپنی ماؤں کو) اپنے نکاح میں نہ لاؤ۔مگر جو پہلے ہو چکا ہے وہ بے حیائی تھی اور غضب کا کام تھا اور بُرا راستہ تھا۔(22) تم پر حرام ہیں تمہاری مائیں، بیٹیاں، اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھائی کی بیٹیاں اور بہن کی بیٹیاں اور مائیں جن کا دودھ پیا اور دودھ شریک بہنیں اور عورتوں کی مائیں (ساس) اور ان کی بیٹیاں جو تمہاری کفالت میں ہوں۔جن عورتوں سے تم نے محبت کی اور نکاح کیا، (اگر محبت نہیں کی اور نکاح نہیں کیا تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ ان کی بیٹی سے نکاح کرلو)۔تمہارے سگھے بیٹوں کی عورتیں (بہوئیں)۔اور دو بہنوں کو اپنے نکاح میں اکٹھا نہ کرو۔لیکن جو پہلے ہو چکا گزر چکا' بے شک اللہ غفور و رحیم ہے۔(23) ☆☆

## پارہ (پنجم):والمحصنات

(اور نکاح پر نکاح حرام ہے مگر) جہاد میں تمھاری لونڈیاں بن جانے والی دشمن کی شادی شدہ عورتوں سے نکاح اللہ کے حکم سے تم پر حلال ہے۔(طہر، رضامندی، قبول اسلام کے بعد تا کہ لونڈیوں کا مرتبہ وحیثیت بلند ہو) دیگر تمام قید نکاح سے آزاد عورتیں جنہیں تم اپنا مال خرچ کر کے اپنے نکاح میں لانا چاہو، تم پر حلال ہیں، لیکن ہوس رانی کیلئے نہیں پس ان عورتوں سے تم جو فائدہ لیتے ہو اس کا مقرر کردہ مہر انہیں دو اور نکاح کے وقت تم نے جو حق مہر باندھا ہو' اس میں سے بعد میں باہم رضامندی سے اگر میاں کم ادا کرے اور بیوی کم قبول کرنے پر راضی ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں۔بے شک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(24) اگر تم میں سے کسی کی مالی استطاعت نہ ہو کہ وہ مومن عورت سے نکاح کر سکے تو اپنی ملکیت میں موجود لونڈیوں میں سے کسی مومن لونڈی سے نکاح کر لے اور اللہ تمہارے ایمانوں کا حال خوب جانتا ہے تم سب ایک ہی ہو۔ان کے سرپرستوں کی اجازت سے ان سے نکاح کرلو اور ان کے مہر رواج کے مطابق ادا کرو تا کہ وہ محصنات بن کر رہیں کھلی ہوس رانی نہ کرتی پھریں۔اور نہ چوری چوری آشنائیاں کریں پھر جب وہ نکاح میں آجائیں اور نکاح میں آنے کے بعد بے حیائی کریں تو ان کے فعل کی سزا نصف ہے اُن محصنات کی سزا کے مقابلے میں جو ویسا ہی بے حیائی کا کام کریں۔اگر تم صبر کرو تو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اور اللہ معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔(25) اللہ چاہتا ہے کہ وہ پرانے طریقے تم پر واضح کردے اور تمہیں ہدایت دے اور توبہ دے اور اللہ علیم بھی ہے اور حکیم (دانا) بھی۔(26) اور اللہ چاہتا ہے کہ تمہاری توبہ قبول کرے۔خواہشات کے غلام چاہتے ہیں کہ تمہیں پلٹ دیں۔(27) اللہ چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کردے اور انسان کمزور پیدا ہوا ہے۔(28)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ
وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا (۲۹) وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا
فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ط وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا (۳۰) اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ
نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا (۳۱) وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ
عَلٰى بَعْضٍ ط لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ط وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ط
وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا (۳۲) وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا
تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ط وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا (۳۳) اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ط فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ط وَالّٰتِيْ
تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ
سَبِيْلًا ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا (۳۴) وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا
مِّنْ اَهْلِهَا اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا (۳۵) وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا
تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى
وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ
كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا (۳۶) نِ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ
فَضْلِهٖ ط وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا (۳۷) وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا (۳۸) وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ط وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا (۳۹)



اے مومنو! آپس میں ناحق ایک دوسرے کے مال نہ کھاؤ بشرطیکہ با رضا آپس میں تجارت کرو اور ایک دوسرے کو قتل نہ کرو،
بے شک اللہ تم پر بہت رحم کرنے والا ہے۔(29) اور جو ایسا کرے گا زیادتی اور ظلم سے' تو ہم اس کو جلد آگ میں ڈالیں
گے اور یہ اللہ کے لئے آسان ہے۔(30) اگر تم کبیرا گناہوں سے اجتناب کرو۔ جو تمہیں منع کئے گئے ہیں تو ہم تمہارے
اعمال کی سیاہی تم پر سے ہٹا دیں گے اور ہم تمہیں داخل کریں گے ایسی جگہ جو کرم والی ہوگی۔(31) اور اُس کی تمنا نہ کرو جو
اللہ نے اپنے فضل سے تم میں سے بعضوں کو بعضوں پر افضل کیا ہے۔ مردوں نے جو کمایا اُن کا حصہ ہے اور عورتوں نے جو
کمایا اُن کا حصہ ہے۔ اور اللہ کا فضل مانگو' بے شک اللہ ہر شے جاننے والا ہے۔(32) اور ہم نے والدین، قرابت داروں
کے ترکہ کے وارثین مقرر کردیئے ہیں۔ جن کا حصہ بندھ چکا، تو وہ اُن کا نصیب ہے انہیں ان کا حصہ دے دو۔ بے شک اللہ
ہر شے کا گواہ ہے۔(33) عورتوں پر مرد حکمران ہیں کیونکہ اللہ نے بعضوں کو بعضوں پر فضیلت دی ہے اور اس لئے کہ وہ
اپنے مال خرچ کرتے ہیں۔ پس صالح عورتیں وہ ہیں جو، تابع فرمان، غیر موجودگی میں حفاظت کرنے والیاں اُس چیز کی
جس کی اللہ نے حفاظت کرنے کا کہا اور اگر تمہیں خوف ہو کر عورتیں بدخوئی کریں گی تو انہیں سمجھاؤ اور انہیں اُن کی خواب
گاہوں میں اکیلا چھوڑ دو اور انہیں مارو پھر اگر وہ تمہاری بات مانیں تو انہیں نکالنے کا راستہ تلاش نہ کرو' بے شک اللہ اعلیٰ اور
کبیر ہے۔(34) اور اگر تمہیں ڈر ہو اُن دونوں میں کشمکش کا تو مرد اور عورت کے خاندان سے ایک، ایک مُنصف مقرر کرلو
اگر وہ صلح کرنا چاہیں گے تو اللہ اُن دونوں کے درمیان موافقت کرا دے گا۔ بے شک اللہ جاننے والا اور خبر رکھنے والا
ہے۔(35) اور اللہ کی عبادت کرو اور اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ اور والدین، رشتے داروں، یتیموں، مسکینوں،
قریبی ہمسایوں، اجنبی ہمسایوں، ہم نشینوں، مسافروں اور اپنی ملکیت کی لونڈیوں اور غلاموں کے ساتھ احسان کرو۔ بے
شک اللہ اِترانے والے، بڑ مارنے والے کو اچھا نہیں سمجھتا۔(36) بخیلوں اور بُخل کا درس دینے والوں اور اللہ کی عطا کردہ
دولت چھپانے والے کافروں کے لئے ہم نے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔(37) دکھاوے کو مال خرچ کرنے
والے آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے، اور شیطان کا ساتھی بھی شیطان ہی ہوتا ہے۔ سو وہ بُرا ساتھی ہے۔(38) انہیں
کیا ہوگیا ہے۔ اگر وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لے آتے اور اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے تو بہتر
ہوتا اور اللہ انہیں خوب جانتا ہے۔(39)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ اللّٰـهَ لَا يَـظْـلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفُهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا(۴۰)فَكَيْفَ
اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ م بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَابِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَاۤءِ شَهِيْدًا(۴۱)يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّالَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْتُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ط وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا(۴۲)يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَاتَقْرَبُواالصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَاتَقُوْلُوْنَ وَلَاجُنُبًا اِلَّا عَابِرِىْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ط
وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْجَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً
فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا(۴۳)اَلَمْ تَرَاِلَى
الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ(۴۴)وَاللّٰهُ اَعْلَمُ
بِاَعْدَآئِكُمْ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا(۴۵)مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ
مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّام بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ط
وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًالَّهُمْ وَاَقْوَمَ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ
فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا(۴۶)يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اُوْتُواالْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ط وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ
مَفْعُوْلًا (۴۷)اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ
فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا(۴۸)اَلَمْ تَرَاِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ط بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّىْ مَنْ يَّشَآءُ
وَلَايُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا(۴۹)اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ط وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا(۵۰)اَلَمْ تَرَ
اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ
اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا(۵۱)اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ط وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَلَهٗ
نَصِيْرًا(۵۲)اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًالَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا(۵۳)



بے شک اللہ ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا اور اگر کوئی نیکی ہو تو اُسے اپنے پاس سے بڑھا کر ثواب دیتا ہے۔(40) پھر کیسا ہوگا جب
ہم ہر امت سے ایک گواہ بُلائیں گے اور تمہیں اُن گواہوں پر گواہ بنا کر بُلائیں گے (رسولوں پر رسول)۔(41) اس دن
کافر اور رسول کے نافرمان، تمنا کریں گے کہ کاش اُن پر زمین برابر کردی جائے۔ اور اللہ کوئی بات نہیں چھپاتا۔(42) اے
مومنو! نشے میں نماز کے قریب نہ جاؤ حتیٰ کہ تمہیں اپنے قول و فعل کا علم ہو جائے۔ اور نہ ہی جنابت کی حالت میں، سوائے
حالت سفر میں۔ یہاں تک کہ تم غسل کرلو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی حاجت ضروریہ سے آیا ہو یا تم نے
عورت کو چھوا ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمّم کرلو۔ اپنے چہروں کو مسح کرو اور اپنے ہاتھوں کو ملو، بے شک اللہ درگزر
کرنے والا اور مغفرت کرنے والا ہے۔(43) دیکھو، جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا، انہوں نے ضلالت (گمراہی)
خریدی اور وہ تمہیں راستے سے بھٹکانا چاہتے ہیں۔(44) اور اللہ تمہارے دشمنوں کو جانتا ہے۔ اور اللہ حمائتی اور مددگار کافی
ہے(45)۔ کچھ یہودی کلمات کو ان کی جگہ سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں، ہم نے سنا اور ہم نہیں مانتے۔ اور سنو، ہمیں نہ
سنوایا جائے، اور زبان موڑ کر، ہمیں مُعاف کر، کہتے ہیں۔ اور دین میں طعنہ دیتے ہیں۔ اور اگر وہ کہتے ہم نے سنا اور مان لیا
اور سنیے ہم پر نظر کیجئے تو یہ ان کیلئے بہتر اور زیادہ صحیح ہوتا۔ لیکن اللہ نے اُن پر اُن کے کُفر کی وجہ سے لعنت کی، لیکن صرف
تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔(46) اے اہل کتاب! اس پر ایمان لاؤ جو تمہارے پاس پہلے سے موجود کتاب کی تصدیق
کرتی ہے۔ قبل اِس کے کہ ہم مٹا دیں تمہارے چہرے، پلٹ دیں اُنہیں پشت پر یا لعنت بھیج دیں اُن پر جیسے ہم نے لعنت
کی تھی ہفتہ کے دن تجاوز کرنے والوں پر۔ اور اللہ کا حکم اٹل ہے۔(47) جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا، اللہ اُسے
ہرگز نہیں بخشے گا۔ اور مُشرکوں کے سوا جسے چاہے گا بخش دے گا۔ اور جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا، اُس نے بہت بڑے
گناہ کا بہتان باندھا۔(48) دیکھو! وہ خود کو بری کیے بیٹھے ہیں۔ یہ اللہ ہی ہے جو پاک کرتا ہے جسے چاہتا ہے، اور اُن پر
دھاگے برابر ظلم نہیں ہوگا۔(49) دیکھو! کیسا بہتان باندھتے ہیں اللہ پر جھوٹا۔ ان کا یہ کُھلا گناہ کافی ہے۔(50)
دیکھو، جنہیں کتاب کا کچھ حصہ عطا ہوا، بتوں اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں اور کہتے ہیں، آگاہ رہو وہی راہ ہدایت
پر ہیں۔(51) وہی ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا۔ اور اللہ جس پر لعنت کرے اس کا کوئی مددگار نہیں ہوتا۔(52) اگر اُن کا اللہ کی
سلطنت میں کوئی حصہ ہوتا تو کسی کو تِل برابر نہ دیتے۔(53)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اَمۡ یَحۡسُدُوۡنَ النَّاسَ عَلٰی مَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ فَقَدۡ اٰتَیۡنَآ اٰلَ اِبۡرٰھِیۡمَ الۡکِتٰبَ وَالۡحِکۡمَۃَ
وَاٰتَیۡنٰھُمۡ مُّلۡکًا عَظِیۡمًا(۵۴)فَمِنۡھُمۡ مَّنۡ اٰمَنَ بِہٖ وَمِنۡھُمۡ مَّنۡ صَدَّعَنۡہُ ط وَکَفٰی بِجَھَنَّمَ
سَعِیۡرًا(۵۵)اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِاٰیٰتِنَا سَوۡفَ نُصۡلِیۡھِمۡ نَارًا ط کُلَّمَا نَضِجَتۡ جُلُوۡدُھُمۡ بَدَّلۡنٰھُمۡ
جُلُوۡدًا غَیۡرَھَا لِیَذُوۡقُواالۡعَذَابَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَزِیۡزًاحَکِیۡمًا(۵۶)وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ سَنُدۡخِلُھُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِھَا الۡاَنۡھٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡھَآ اَبَدًا ط لَھُمۡ فِیۡھَآ اَزۡوَاجٌ
مُّطَھَّرَۃٌ وَّنُدۡخِلُھُمۡ ظِلًّا ظَلِیۡلًا(۵۷)اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُکُمۡ اَنۡ تُؤَدُّوا الۡاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَھۡلِھَا وَاِذَاحَکَمۡتُمۡ
بَیۡنَ النَّاسِ اَنۡ تَحۡکُمُوۡا بِالۡعَدۡلِ ط اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمۡ بِہٖ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیۡعًا م
بَصِیۡرًا(۵۸)یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوااللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡکُمۡ فَاِنۡ تَنَازَعۡتُمۡ
فِیۡ شَیۡءٍ فَرُدُّوۡہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوۡلِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ ط ذٰلِکَ خَیۡرٌ
وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِیۡلًا(۵۹)اَلَمۡ تَرَاِلَی الَّذِیۡنَ یَزۡعُمُوۡنَ اَنَّھُمۡ اٰمَنُوۡا بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَیۡکَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ
قَبۡلِکَ یُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ یَّتَحَاکَمُوۡۤا اِلَی الطَّاغُوۡتِ وَقَدۡ اُمِرُوۡۤا اَنۡ یَّکۡفُرُوۡا بِہٖ ط وَیُرِیۡدُالشَّیۡطٰنُ
اَنۡ یُّضِلَّھُمۡ ضَلٰلًام بَعِیۡدًا(۶۰)وَاِذَا قِیۡلَ لَھُمۡ تَعَالَوۡا اِلٰی مَآ اَنۡزَلَ اللّٰہُ وَاِلَی الرَّسُوۡلِ رَاَیۡتَ
الۡمُنٰفِقِیۡنَ یَصُدُّوۡنَ عَنۡکَ صُدُوۡدًا(۶۱)فَکَیۡفَ اِذَآاَصَابَتۡھُمۡ مُّصِیۡبَۃٌم بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡھِمۡ ثُمَّ
جَآءُوۡکَ یَحۡلِفُوۡنَ بِاللّٰہِ اِنۡ اَرَدۡنَآ اِلَّآ اِحۡسَانًا وَّتَوۡفِیۡقًا(۶۲)اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یَعۡلَمُ اللّٰہُ مَا فِیۡ
قُلُوۡبِھِمۡ فَاَعۡرِضۡ عَنۡھُمۡ وَعِظۡھُمۡ وَقُلۡ لَّھُمۡ فِیۡۤ اَنۡفُسِھِمۡ قَوۡلًام بَلِیۡغًا(۶۳)وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ
رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِیُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰہِ ط وَلَوۡ اَنَّھُمۡ اِذۡظَّلَمُوۡۤا اَنۡفُسَھُمۡ جَآءُوۡکَ فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰہَ
وَاسۡتَغۡفَرَ لَھُمُ الرَّسُوۡلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیۡمًا(۶۴)



کیا وہ اللہ کا فضل پانے والوں سے حسد کرتے ہیں؟۔سو ہم نے آل ابراہیم کو کتاب اور حکمت عطا کی اور ہم نے اُسے عظیم ملک دیا۔(54) اُن میں سے کچھ ایمان لائے اور کچھ ایمان نہ لائے۔کافروں کے لئے بھڑکتی آگ کا جہنم کافی ہے۔(55) جنہوں نے ہماری آیات سے کُفر کیا ہم انہیں عنقریب آگ میں ڈالیں گے(مثل کباب سیخ) جو جل جائے گا یہ پہلو تو وہ پہلو بدل دیں گے۔تاکہ وہ عذاب چکھیں۔بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔(56) مومنوں اور نیکو کاروں کو ہم عنقریب جنت میں داخل کریں گے جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں' وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔وہاں ان کے لئے مطہرہ بیویاں ہوں گی اور ہم انہیں گھنی چھاؤں میں داخل کریں گے۔(57) بے شک اللہ تمہیں امانتیں اُن کے مالکوں کو لوٹانے کا حُکم دیتا ہے۔اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کرو۔بے شک اللہ اچھی نصیحت کرتا ہے۔بے شک اللہ سننے دیکھنے والا ہے۔(58) اے ایمان والو! اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرو اور اُس کی اطاعت کرو جس کا فرمان چلتا ہے۔پھر اگر تم میں کسی معاملہ میں جھگڑا پڑ جائے تو اُسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹا دو، اگر تمہارا اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان ہے'۔یہ بہتر اور خوب تاویل ہے۔(59) تم نے دیکھا، تم پر نازلہ اور تم سے قبل اُن پر نازلہ کتاب پر ایمان لانے کا دعوی کرنیوالے، طاغوت سے فیصلہ کروانا چاہتے ہیں۔اور حکم ہو چکا انہیں کہ وہ اس کا انکار کریں اور شیطان انہیں دُور کی گمراہی میں بہکانا چاہتا ہے۔(60) اور جب ان سے کہا جاتا ہے' اللہ کی نازل کردہ کتاب اور اُس کے رسولؐ کی طرف آؤ تو تم منافقوں کو دیکھتے ہو کہ وہ آپؐ سے کبھی پیچھے ہٹتے ہیں کبھی رُکتے ہیں۔(61) پھر جب اُن کے اپنے ہاتھوں آگے بھیجے ہوئے پر کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کیسے آپؐ کے پاس اللہ کا حلف اٹھاتے ہوئے آتے ہیں کہ ہم تو صرف احسان اور توفیق چاہتے تھے۔(62) یہی لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ جانتا ہے کہ ان کے دلوں میں کیا ہے۔آپؐ ان سے صرفِ نظر کریں اور وعظ کریں اور ان کی ہستی کے بارے میں بلیغ بات کہیں۔(63) ہم نے رسولوں میں سے کوئی رسول اس لئے نہیں بھیجا تھا کہ اس کی اللہ کے حکم سے اطاعت نہ کی جائے۔اور جب یہ لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو آپؐ کے پاس آئیں اور اللہ کی بخشش چاہیں۔اللہ ضرور توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔(64)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



فَلَاوَرَبِّکَ لَایُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا
قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا(۶۵)وَلَوْاَنَّا کَتَبْنَا عَلَیْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَکُمْ اَوِاخْرُجُوْا مِنْ دِیَارِکُمْ مَّا
فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِیْلٌ مِّنْهُمْ ط وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَکَانَ خَیْرًالَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِیْتًا(۶۶)وَّاِذًا
لَّاٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِیْمًا(۶۷)وَّلَهَدَیْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا(۶۸)وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ
فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ
اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا(۶۹)ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ط وَکَفٰی بِاللّٰهِ عَلِیْمًا(۷۰)یٰٓاَیُّهَاالَّذِیْنَ
اٰمَنُوْاخُذُوْاحِذْرَکُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِانْفِرُوْا جَمِیْعًا(۷۱)وَاِنَّ مِنْکُمْ لَمَنْ لَّیُبَطِّئَنَّ فَاِنْ اَصَابَتْکُمْ
مُّصِیْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیَّ اِذْلَمْ اَکُنْ مَّعَهُمْ شَهِیْدًا(۷۲)وَلَئِنْ اَصَابَکُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَیَقُوْلَنَّ
کَاَنْ لَّمْ تَکُنْ م بَیْنَکُمْ وَبَیْنَهٗ مَوَدَّةٌ یّٰلَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًاعَظِیْمًا(۷۳)فَلْیُقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ
اللّٰهِ الَّذِیْنَ یَشْرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا بِالْاٰخِرَةِ ط وَمَنْ یُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَیُقْتَلْ اَوْ یَغْلِبْ فَسَوْفَ
نُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا(۷۴)وَمَالَکُمْ لَاتُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ
وَالْوِلْدَانِ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْیَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا
وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا(۷۵)اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا یُقَاتِلُوْنَ
فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ اِنَّ کَیْدَ الشَّیْطٰنِ کَانَ ضَعِیْفًا(۷۶)اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ
قِیْلَ لَهُمْ کُفُّوْٓا اَیْدِیَکُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُواالزَّکٰوةَ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ
یَخْشَوْنَ النَّاسَ کَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ کَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓی اَجَلٍ
قَرِیْبٍ ط قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا(۷۷)اَیْنَ مَاتَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ
الْمَوْتُ وَلَوْکُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ ط وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِاللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَیِّئَةٌ
یَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِکَ ط قُلْ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِاللّٰهِ ط فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا یَکَادُوْنَ یَفْقَهُوْنَ حَدِیْثًا(۷۸)



آپؐ کے رب کی قسم! جب تک مومن اپنے درمیان جھگڑوں میں آپؐ کو منصف نہیں مانتے، اور منصف مان لینے کے بعد
آپؐ کا فیصلہ دل چھوٹا کیئے بغیر تسلیم نہیں کرتے، وہ مومن نہیں۔(65) اور اگر ہم فیصلہ دے دیتے، اپنی جانوں کو قتل کرو یا
اپنے گھروں سے نکل جاؤ، تو سوائے چند کے وہ ایسا نہ کرتے اور اگر وہ کرتے تو یہ اُن کے لئے بہتر ہوتا اور انہیں زیادہ ثبات
ملتا۔(66) اور اس طرح ہم انہیں ضرور اجر عظیم دیتے،(67) اور ہم انہیں ضرور سیدھے راستے کی ہدایت دیتے۔(68)
اور اللہ اور اللہ کے رسول کا اطاعت گُزار، اللہ کے انعام یافتہ نبیوں، صدیقوں، شہیدوں اور نیکوں کے ساتھ ہوگا۔ اور یہ کیا
خوب ساتھی ہیں۔(69) یہ اللہ کی طرف سے فضل ہے اور اللہ جاننے والا کافی ہے۔(70) اے ایمان والو! اپنے ہتھیار
اٹھاؤ پھر الگ الگ نکلو یا مل کر نکلو۔(71) اور بے شک تم میں ایسا شخص بھی ہوگا جو پیچھے رہ جائیگا۔ پھر اگر تمہیں کوئی
مصیبت پہنچے تو وہ کہے گا، یقیناً مجھ پر اللہ کا انعام ہوا کہ میں اُس وقت اُن کے ساتھ موجود نہ تھا۔(72) اور اگر تمہیں اللہ
کی طرف سے کوئی فائدہ پہنچے تو وہ ضرور کہے گا، جیسے تمہارے اور اس کے درمیان کوئی محبت نہ تھی۔ اے کاش! میں اُن کے
ساتھ ہوتا تو بہت بڑی مراد پاتا۔(73) اللہ کے راستے میں لڑو! جنہوں نے آخرت کے عوض دُنیا بیچ دی، اللہ کے لئے قتال
کیا، شہید ہوئے یا غازی ہوئے ہم انہیں جلد، بہت بڑا اجر دیں گے۔(74) اور تمہیں کیا ہو گیا ہے، تم ضعیفوں، عورتوں اور
بچوں کی مدد کے لئے کیوں نہیں لڑتے، جو فریاد کر رہے ہیں' اے ہمارے رب! ہمیں اِس بستی سے نکال، جس کے باسی ظالم
ہیں، اور ہمارے لئے اپنے پاس سے مددگار بھیج۔(75) مومن اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کافر طاغوت کیلئے۔ تم شیطان
کے ساتھیوں کے خلاف لڑو۔ بے شک شیطان کی چال کمزور ہوتی ہے۔(76) کیا تم نے انہیں نہیں دیکھا، جنہیں کہا
گیا، اپنے ہاتھ روک لو (ظلم سے) اور نماز قائم کرو اور زکواۃ ادا کرو۔ پھر جب اُن پر قتال فرض کیا گیا تو اُن میں
ایک جماعت ایسی تھی جو لوگوں سے ایسے ڈرتی جیسے اللہ سے ڈرتے ہیں یا اس سے بھی زیادہ۔ اور کہتی اے ہمارے
رب! تُو نے ہم پر قتال کیوں فرض کر دیا، ہمیں تھوڑی مزید مہلت کیوں نہ دی۔ آپؐ کہیں، دنیا کا سامان تھوڑا ہے
اور متقی کے لئے آخرت بہتر ہے اور تم پر دھاگے برابر بھی ظلم نہ ہوگا۔(77) تم جہاں بھی ہو گے موت تمہیں
ڈھونڈ لے گی، چاہے تم مضبوط بُرجوں میں ہی بند کیوں نہ ہو جاؤ۔ اور اگر انہیں کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو
کہتے ہیں، یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر کوئی نقصان پہنچتا ہے تو کہتے ہیں، یہ آپؐ کی طرف سے ہے۔
آپؐ کہہ دیں، فائدہ اور نقصان سب اللہ کی طرف سے ہی ہوتا ہے۔ اس قوم کے لوگوں کو کیا ہو گیا ہے،
یہ بات کو سمجھتے معلوم نہیں ہوتے۔(78)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



مَآ اَصَابَکَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ وَمَآ اَصَابَکَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِکَ ط وَاَرْسَلْنٰکَ
لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ط وَکَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا(۷۹)مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ
اَرْسَلْنٰکَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا(۸۰)وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِکَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ
غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ط وَاللّٰهُ يَکْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَکَّلْ عَلَى اللّٰهِ ط وَکَفٰى بِاللّٰهِ
وَکِيْلًا(۸۱)اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ط وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا
کَثِيْرًا(۸۲)وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ط وَلَوْرَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ
وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ط وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْکُمْ وَرَحْمَتُهٗ
لَا تَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا(۸۳)فَقَاتِلْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَاتُکَلَّفُ اِلَّا نَفْسَکَ وَحَرِّضِ
الْمُؤْمِنِيْنَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّکُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ کَفَرُوْا ط وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْکِيْلًا(۸۴)مَنْ
يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّکُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّکُنْ لَّهٗ کِفْلٌ مِّنْهَا ط
وَکَانَ اللّٰهُ عَلٰى کُلِّ شَىْءٍ مُّقِيْتًا(۸۵)وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ط
اِنَّ اللّٰهَ کَانَ عَلٰى کُلِّ شَىْءٍ حَسِيْبًا(۸۶)اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط لَيَجْمَعَنَّکُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
لَارَيْبَ فِيْهِ ط وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا(۸۷)فَمَا لَکُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ
اَرْکَسَهُمْ بِمَا کَسَبُوْا ط اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ط وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ
سَبِيْلًا(۸۸)وَدُّوْا لَوْ تَکْفُرُوْنَ کَمَا کَفَرُوْا فَتَکُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى
يُهَاجِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَاتَتَّخِذُوْا
مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا(۸۹)



اچھائی اللہ کی طرف سے پہنچتی ہے اور بُرائی تمہارے اپنے اعمال کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اور ہم نے لوگوں کے لئے آپؐ کو
رسول بنا کر بھیجا اور اس کا اللہ گواہ کافی ہے۔(79) جس نے رسول کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس
نے ہمارے رسول سے منہ موڑا تو ہم نے آپؐ کو اُن کا محافظ بنا کر نہیں بھیجا۔(80) اور وہ کہتے ہیں ہم نے حکم مانا پھر
جب وہ آپؐ کے پاس سے اٹھ کر باہر جاتے ہیں تو اُن میں سے ایک گروہ اپنے کہنے کے برعکس رات کو مشورہ کرتا ہے
اور اللہ لکھ لیتا ہے جو وہ مشورہ کرتے ہیں۔ تم ان سے منہ پھیر لو اور اللہ پر بھروسہ کرو اور اللہ کارساز کافی ہے۔(81) وہ
قرآن پر تدبر کیوں نہیں کرتے؟ اگر یہ کسی غیر اللہ کا ہوتا تو تمہیں ضرور اس میں بہت اختلاف ملتا۔(82) اگر ان کے پاس
کوئی امن کی بات آتی ہے یا ڈر کی بات آتی ہے تو اسے مشہور کر دیتے ہیں اور اگر وہ اس خبر کو رسول اور اپنے حاکموں کو لوٹا
دیتے تو وہ تحقیق کر لیتے اس کو جان کر اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی تو چند کے سوا سب شیطان کے پیچھے لگ
جاتے۔(83) پس اللہ کے راستے میں لڑو۔ تم صرف اپنے ذمہ دار ہو۔ اور مومنوں کو آمادہ کرو کہ عنقریب اللہ کافروں کی
جنگ روک دے گا اور اللہ کی جنگ سخت ترین ہے اور وہ سب سے سخت سزا دینے والا ہے۔(84) اچھے کام کے سفارشی
کا اچھائی میں حصہ ہوگا، بُرے کام کے سفارشی کا بُرائی میں حصہ ہوگا۔ اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔(85) جب کوئی تمہیں دعا
دے (سلامتی کی) تو تم اسے احسن طریقے سے سلام کرو یا اس سلام کو اُسی طرح لوٹا دو۔ (سلام کا جواب وعلیکم السلام ہے یا
وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ ہے۔) بے شک اللہ ہر شے کا محاسب ہے۔(86) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی قیامت کے دن
تمہیں اکٹھا کرے گا اور اس میں کوئی شک نہیں۔ بھلا اللہ کی بات سے زیادہ کس کی بات سچ ہو سکتی ہے۔(87) اور
منافقوں کے دو گروہوں میں آپؐ کو کیا لینا۔ اللہ نے انہیں اُن کے اعمال کے سبب اُلٹا کر دیا۔ اللہ کے بے ہدائیتوں کو آپؐ
کیا ہدایت دیں گے۔ جسے اللہ گمراہ کر دے، اسے کوئی راستہ نہیں دکھا سکتا۔ (جنہیں اللہ روشنی نہ دے اُن کے لیئے کوئی روشنی
نہیں ہوتی)(88) وہ تمہیں اپنی طرح کافر کر کے اپنے ساتھ ملانا چاہتے ہیں۔ تم انہیں اُس وقت تک اپنا دوست اور
مددگار نہ بناؤ جب تک وہ اللہ کی راہ میں ہجرت نہیں کرتے۔ پھر اگر وہ منہ موڑ لیں (انکار کریں) تو انہیں پکڑو اور قتل
کرو جہاں بھی ملیں۔ اور تم اُنہیں اپنے دوست اور مددگار نہ بناؤ۔(89)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِلَّا الَّـذِیۡنَ یَصِلُوۡنَ اِلٰی قَوۡمٍ م بَیۡنَکُمۡ وَبَیۡنَهُمۡ مِّیۡثَاقٌ اَوۡجَآءُ وۡکُمۡ حَصِرَتۡ صُدُوۡرُهُمۡ اَنۡ یُّقَاتِلُوۡکُمۡ
اَوۡ یُـقَـاتِـلُوۡا قَوۡمَهُمۡ وَلَوۡشَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمۡ عَلَیۡکُمۡ فَلَقٰتَلُوۡکُمۡ فَاِنِ اعۡتَزَلُوۡکُمۡ فَلَمۡ یُقَاتِلُوۡکُمۡ وَاَلۡقَوۡا
اِلَیۡـکُمُ السَّـلَـمَ فَـمَـاجَـعَـلَ اللّٰهُ لَکُمۡ عَلَیۡهِمۡ سَبِیۡلًا(۹۰)سَتَجِدُوۡنَ اٰخَرِیۡنَ یُرِیۡدُوۡنَ اَنۡ یَّاۡمَنُوۡکُمۡ
وَیَـاۡمَـنُـوۡا قَـوۡمَـهُـمۡ ط کُلَّمَا رُدُّوۡۤا اِلَی الۡفِتۡنَةِ اُرۡکِسُوۡا فِیۡهَا فَاِنۡ لَّمۡ یَعۡتَزِلُوۡکُمۡ وَیُلۡقُوۡۤا اِلَیۡکُمُ السَّلَمَ
وَیَـکُـفُّـوۡۤااَیۡـدِیَهُـمۡ فَـخُـذُوۡهُـمۡ وَاقۡتُلُوۡهُمۡ حَیۡثُ ثَقِفۡتُمُوۡهُمۡ ط وَاُولٰٓئِکُمۡ جَعَلۡنَالَکُمۡ عَلَیۡهِمۡ سُلۡطٰنًا
مُّبِیۡـنًـا(۹۱)وَمَـا کَـانَ لِـمُؤۡمِنٍ اَنۡ یَّقۡتُلَ مُؤۡمِنًا اِلَّا خَطَئًا وَمَنۡ قَتَلَ مُؤۡمِنًا خَطَئًا فَتَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ
وَّدِیَةٌ مُّسَـلَّـمَةٌ اِلٰـی اَهۡـلِـهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ یَّصَّدَّقُوۡا ط فَاِنۡ کَانَ مِنۡ قَوۡمٍ عَدُوٍّ لَّکُمۡ وَهُوَمُؤۡمِنٌ فَتَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ
مُّـؤۡمِـنَةٍ ط وَاِنۡ کَـانَ مِـنۡ قَـوۡمٍ م بَیۡنَکُمۡ وَبَیۡنَهُمۡ مِّیۡثَاقٌ فَدِیَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓی اَهۡلِهٖ وَتَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ
فَـمَـنۡ لَّمۡ یَجِدۡ فَصِیَامُ شَهۡرَیۡنِ مُتَتَابِعَیۡنِ تَوۡبَةً مِّنَ اللّٰهِ ط وَکَانَ اللّٰهُ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا(۹۲)وَمَنۡ یَّقۡتُلۡ
مُـؤۡمِـنًـا مُّتَـعَـمِّـدًا فَـجَـزَآؤُهٗ جَهَـنَّـمُ خَـالِـدًا فِیۡهَـا وَغَضِبَ اللّٰـهُ عَلَیۡـهِ وَلَعَنَـهٗ وَاَعَدَّلَـهٗ عَذَابًا
عَظِیۡمًا(۹۳)یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ فَتَبَیَّنُوۡا وَلَاتَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ اَلۡقٰۤی اِلَیۡکُمُ السَّلٰمَ
لَسۡـتَ مُـؤۡمِنًا تَبۡتَغُوۡنَ عَرَضَ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا فَعِنۡدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ کَثِیۡرَةٌ ط کَذٰلِکَ کُنۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ فَمَنَّ
اللّٰهُ عَلَیۡکُمۡ فَتَبَیَّنُوۡا ط اِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرًا(۹۴)لَایَسۡتَوِی الۡقٰعِدُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ غَیۡرُ
اُوۡلِـی الـضَّـرَرِ وَالۡمُجٰهِدُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ بِاَمۡوَالِهِمۡ وَاَنۡفُسِهِمۡ ط فَـضَّـلَ اللّٰهُ الۡمُجٰهِدِیۡنَ بِاَمۡوَالِهِمۡ
وَاَنۡـفُسِهِـمۡ عَـلَـی الۡـقٰـعِدِیۡنَ دَرَجَةً ط وَکُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الۡحُسۡنٰی ط وَفَضَّلَ اللّٰهُ الۡمُجٰهِدِیۡنَ عَلَی الۡقٰعِدِیۡنَ
اَجۡـرًا عَـظِـیۡـمًـا(۹۵)دَرَجٰـتٍ مِّـنۡـهُ وَمَـغۡفِرَةً وَّرَحۡمَةً ط وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا(۹۶)اِنَّ الَّذِیۡنَ تَوَفّٰهُمُ
الۡـمَـلٰٓـئِـکَةُ ظَالِمِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ قَالُوۡا فِیۡمَ کُنۡتُمۡ ط قَالُوۡا کُنَّا مُسۡتَضۡعَفِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ط قَالُوۡۤا اَلَمۡ تَکُنۡ اَرۡضُ
الـلّٰـهِ وَاسِـعَةً فَتُهَـاجِرُوۡا فِیۡهَا ط فَاُولٰٓئِکَ مَاۡوٰهُمۡ جَهَنَّمُ ط وَسَآءَ تۡ مَصِیۡرًا(۹۷)اِلَّا الۡمُسۡتَضۡعَفِیۡنَ مِنَ
الـرِّجَـالِ وَالـنِّسَـآءِ وَالۡوِلۡدَانِ لَایَسۡتَطِیۡعُوۡنَ حِیۡلَةً وَّلَا یَهۡتَدُوۡنَ سَبِیۡلًا(۹۸)فَاُولٰٓئِکَ عَسَی اللّٰهُ اَنۡ یَّعۡفُوَ
عَنۡهُمۡ ط وَکَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوۡرًا(۹۹)



معاہدہ کے تحت محفوظ لوگوں سے نہ لڑو جب تک وہ تم سے یا اپنی قوم سے نہ لڑیں۔(90) اب تم ایسے لوگوں کو ملو گے جو تم سے اور اپنی قوم سے امن میں رہنا چاہتے ہیں لیکن موقع ملتے ہی پلٹ جاتے ہیں۔ پھر اگر وہ تم سے صرفِ نظر نہ کریں اور وہ تم سے صلح نہ کریں اور اپنے ہاتھوں کو نہ روکیں تو وہ جہاں ملیں انہیں پکڑو اور قتل کرو۔ اور یہی لوگ ہیں جن پر ہم نے تمہیں واضح قوت (حجت) دی ہے۔(91) اور مومن مومن کو عمداً قتل نہ کرے۔ اور سہواً قتل پر قاتل ایک مومن کو آزاد کرے اور مقتول کے اہل خانہ کو دیت (خون بہا) پیش کرے، اگر مقتول کے وارث چاہیں تو خون بہا معاف کر دیں۔ اور اگر مقتول دشمن قوم سے ہو تو صرف مومن غلام کی گردن چھڑائے اور اگر وہ تمہارے درمیان کی قوم سے ہو جن کے درمیان تمہارا معاہدہ ہو تو مسلمہ خون بہا اس کے اہلخانہ کے حوالے کر دے اور ایک مومن کی گردن چھڑائے۔ پھر اگر اس کی توفیق نہ ہو تو دو مہینوں کے متواتر روزے رکھے۔ یہ اللہ کی طرف سے توبہ ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(UNO کے مطابق دنیا میں غلامی ختم ہو چکی البتہ بانڈڈ لیبر ہے)(92) اور جو مومن کو (جان بوجھ کر) عمداً قتل کرے تو اس کی سزا ہمیشہ کا جہنم ہے اور اس پر اللہ کا غضب اور لعنت ہے اور اس کے لئے عذاب عظیم ہے۔(93) اے مومنو! جب تم اللہ کے راستے میں نکلو تو جو تمہیں راستے میں ملے اور سلام کرے، اُسے نہ کہو، تم تو مومن نہیں ہو۔ تم تو دنیا کا سامان تلاش کرتے ہو اور اللہ کے پاس تو بہت خزانے ہیں۔ جب کہ تم بھی اس سے قبل ایسے ہی تھے۔ اللہ نے تم پر احسان کیا۔ سو سمجھ لو کہ اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔(94) بلاعذر بیٹھے رہنے والے اور اللہ کے راستے میں مالوں اور جانوں سے جہاد کرنے والے مومن برابر نہیں۔ اللہ نے مال اور جان لگانے والے مجاہدوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجے دیئے ہیں۔ اور ہر ایک کے ساتھ اللہ نے بہترین وعدہ کیا ہے۔ اور اللہ نے مجاہدوں کو بیٹھ رہنے والوں پر فضیلت دی ہے۔ اور اُن کے لئے اجر عظیم ہے۔(95) اُس کی طرف سے درجے اور مغفرت اور رحمت ہے۔ اور اللہ غفور و رحیم ہے۔(96) بے شک جن لوگوں کو فرشتے مارتے ہیں وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔ پوچھیں گے، زندگی کیسے گزاری۔ کہیں گے، ہم زمین میں بہت مجبور تھے۔ پوچھیں گے، کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی؟ تم وہاں سے ہجرت کر جاتے۔ ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بُرا مقام ہے۔(97) لیکن ضعیف، عورتیں اور بچے کوئی بھی تدبیر کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور کوئی راہ نہیں پاتے۔(98) امید ہے انہیں اللہ معاف کر دے گا اور اللہ معاف کرنے والا اور مغفرت کرنے والا ہے۔(99)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَمَنۡ یُّهَاجِرۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ یَجِدۡ فِی الۡاَرۡضِ مُرٰغَمًا كَثِیۡرًا وَّسَعَةً ط وَمَنۡ یَّخۡرُجۡ مِنۡ م بَیۡتِهٖ مُهَاجِرًا
اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ثُمَّ یُدۡرِكۡهُ الۡمَوۡتُ فَقَدۡوَقَعَ اَجۡرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا
(۱۰۰)وَاِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِی الۡاَرۡضِ فَلَیۡسَ عَلَیۡكُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَقۡصُرُوۡا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنۡ خِفۡتُمۡ اَنۡ
یَّفۡتِنَكُمُ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا ط اِنَّ الۡكٰفِرِیۡنَ كَانُوۡا لَكُمۡ عَدُوًّا مُّبِیۡنًا(۱۰۱)وَاِذَا كُنۡتَ فِیۡهِمۡ فَاَقَمۡتَ لَهُمُ
الصَّلٰوةَ فَلۡتَقُمۡ طَآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ مَّعَكَ وَلۡیَاۡخُذُوۡۤا اَسۡلِحَتَهُمۡ فَاِذَاسَجَدُوۡافَلۡیَكُوۡنُوۡا مِنۡ وَّرَآئِكُمۡ وَلۡتَاۡتِ
طَآئِفَةٌ اُخۡرٰی لَمۡ یُصَلُّوۡا فَلۡیُصَلُّوۡا مَعَكَ وَلۡیَاۡخُذُوۡاحِذۡرَهُمۡ وَاَسۡلِحَتَهُمۡ وَدَّ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡ
تَغۡفُلُوۡنَ عَنۡ اَسۡلِحَتِكُمۡ وَاَمۡتِعَتِكُمۡ فَیَمِیۡلُوۡنَ عَلَیۡكُمۡ مَّیۡلَةً وَّاحِدَةً ط وَلَاجُنَاحَ عَلَیۡكُمۡ اِنۡ كَانَ بِكُمۡ
اَذًی مِّنۡ مَّطَرٍاَوۡكُنۡتُمۡ مَّرۡضٰۤی اَنۡ تَضَعُوۡۤااَسۡلِحَتَكُمۡ وَخُذُوۡا حِذۡرَكُمۡ ط اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلۡكٰفِرِیۡنَ
عَذَابًا مُّهِیۡنًا(۱۰۲)فَاِذَا قَضَیۡتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذۡكُرُوا اللّٰهَ قِیٰمًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰی جُنُوۡبِكُمۡ فَاِذَا اطۡمَاۡنَنۡتُمۡ
فَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ كِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا(۱۰۳)وَلَا تَهِنُوۡا فِی ابۡتِغَآءِ الۡقَوۡمِ
ط اِنۡ تَكُوۡنُوۡا تَاۡلَمُوۡنَ فَاِنَّهُمۡ یَاۡلَمُوۡنَ كَمَا تَاۡلَمُوۡنَ وَتَرۡجُوۡنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا یَرۡجُوۡنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ
عَلِیۡمًا حَكِیۡمًا(۱۰۴)اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَیۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ لِتَحۡكُمَ بَیۡنَ النَّاسِ بِمَاۤ اَرٰىكَ اللّٰهُ ط
وَلَاتَكُنۡ لِّلۡخَآئِنِیۡنَ خَصِیۡمًا(۱۰۵)وَاسۡتَغۡفِرِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا(۱۰۶)وَلَا تُجَادِلۡ
عَنِ الَّذِیۡنَ یَخۡتَانُوۡنَ اَنۡفُسَهُمۡ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ مَنۡ كَانَ خَوَّانًا اَثِیۡمًا(۱۰۷)یَّسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ
النَّاسِ وَلَا یَسۡتَخۡفُوۡنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمۡ اِذۡ یُبَیِّتُوۡنَ مَالَا یَرۡضٰی مِنَ الۡقَوۡلِ ط وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا
یَعۡمَلُوۡنَ مُحِیۡطًا(۱۰۸)هٰۤاَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ جٰدَلۡتُمۡ عَنۡهُمۡ فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا فَمَنۡ یُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنۡهُمۡ یَوۡمَ
الۡقِیٰمَةِ اَمۡ مَّنۡ یَّكُوۡنُ عَلَیۡهِمۡ وَكِیۡلًا(۱۰۹)وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ سُوۡٓءًا اَوۡیَظۡلِمۡ نَفۡسَهٗ ثُمَّ یَسۡتَغۡفِرِاللّٰهَ
یَجِدِاللّٰهَ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا (۱۱۰)وَمَنۡ یَّكۡسِبۡ اِثۡمًا فَاِنَّمَا یَكۡسِبُهٗ عَلٰی نَفۡسِهٖ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیۡمًا
حَكِیۡمًا(۱۱۱)وَمَنۡ یَّكۡسِبۡ خَطِیۡٓئَةً اَوۡ اِثۡمًا ثُمَّ یَرۡمِ بِهٖ بَرِیۡٓئًا فَقَدِ احۡتَمَلَ بُهۡتَانًا وَّ اِثۡمًا مُّبِیۡنًا(۱۱۲)



اوراللہ کے راستے میں ہجرت کرنے والوں کوایک وسیع میدان ملتا ہے۔اوراپنے گھر سے اللہ اوراس کے رسول کی طرف نکلنے والے کواگرسفر کے دوران موت آجائے تواس کا اجراللہ کے ذمہ ہے۔اوراللہ بخشنہار رحم کرنے والا ہے۔(100) اور دورانِ سفراگرکافروں کی ایذارسانی کا خوف ہوتوتم پرنماز کومختصر کرنے میں کوئی گناہ نہیں۔بے شک کافرتمہارے کھلے دشمن ہیں۔(101) اگرآپؐ اُن میں ہوں اوراُن کے لئے نماز قائم کریں تو اُن کی ایک جماعت غیرمُسلح ہوکرآپ کی امامت میں دورکعت کے بعدسلام پھیرکر پیچھے ہٹ کردوبارہ مُسلح ہوجائے۔پھرپہلی کی جگہ دوسری جماعت غیرمُسلح ہوکرآپؐ کے پیچھے دورکعت نماز پڑھکر اپنا دفاع اوراسلحہ اٹھالے۔کافرچاہتے ہیں کہ اگروہ تمہیں اسلحہ (ہتھیاروں) اورسامان سے غافل پائیں توایک ہی بار جھک کرحملہ کردیں۔اگرتمہیں بارش کی وجہ سے تکلیف محسوس ہو یاتم بیمار ہوتواسلحہ اُتارکر رکھنے میں کوئی گناہ نہیں اوراپنا دفاع رکھو۔بے شک اللہ نے کافروں کے لئے ذلت آمیز عذاب تیارکررکھا ہے۔(102) پھر جب تم نمازاداکرچکوتو کھڑے بیٹھے اورلیٹے اللہ کا ذکرکروپھرجب تمہیں اطمینان ہوجائے توپوری نماز قائم کرو' بے شک مومنوں پر مقررہ اوقات میں نماز کی ادائیگی فرض ہے۔(103) اوراس کا تعاقب کرنے میں سستی نہ کرواگرتمہیں تکلیف ہوتی ہے تو انہیں بھی تکلیف پہنچتی تھی (جب وہ آپؐ کے پیچھے بھاگتے تھے) اورتم اللہ سے امیدرکھتے ہوجب کہ انہیں اس کی بھی امید نہیں اوراللہ جاننے والا اورحکمت والا ہے۔(104) بے شک ہم نے برحق آپ پراپنی کتاب نازل کی،تاکہ آپ لوگوں کے درمیان اس پرفیصلہ کریں جس سے اللہ نے آپ کوآراستہ کیا ہے اورخیانت کرنے والوں کے حمائیتی نہ بنیں۔(105) اوراللہ سے استغفارکریں بے شک اللہ غفوراوررحیم ہے۔(106) خودکودھوکا دینے والوں سے نہ جھگڑو،بے شک اللہ دغا بازاورگنہگار سے محبت نہیں کرتا۔(107) وہ لوگوں سے توچھپا سکتے ہیں مگراللہ سے نہیں چھپا سکتے وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے جب وہ رات کومشورے کرتے ہیں' وہ بات اُسے اچھی نہیں لگتی اوراللہ اُن کے کرتُوت جانتا ہے۔(108) آپ دُنیاوی زندگی میں اُن کے لئے جھگڑتے ہیں،لیکن قیامت کے دن اللہ سے اُن کے لئے کون جھگڑے گا اوراُن کا کون وکیل ہوگا۔(109) اورجو برا کام کرے یا اپنے آپؐ پرظلم کرلے پھراللہ سے استغفارکرے تووہ اللہ کوغفورورحیم پائے گا۔(110) جوبرائی کماتا ہے' وہ اپنی جان پربُرائی کماتا ہے اوراللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(111) اورجوخطایا گناہ کماتا ہے پھراس کوبے گناہ پردھردیتا ہے تواُس نے بُہتان دھرااورواضح گناہ کیا۔(112)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ط وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ
اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ط وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ
مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ط وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا(۱۱۳)لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰهُمْ اِلَّا
مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ م بَيْنَ النَّاسِ ط وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ
اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا(۱۱۴)وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ م بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى
وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ط وَسَآءَتْ مَصِيْرًا(۱۱۵)اِنَّ اللّٰهَ
لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ط وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ
ضَلٰلًام بَعِيْدًا(۱۱۶)اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا(۱۱۷)لَّعَنَهُ
اللّٰهُ م وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا(۱۱۸)وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ
فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ط وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا(۱۱۹)يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ط وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا
غُرُوْرًا(۱۲۰)اُولٰٓئِكَ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا(۱۲۱)وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ط وَعْدَ اللّٰهِ
حَقًّا ط وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا(۱۲۲)لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ط مَنْ يَّعْمَلْ
سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا(۱۲۳)وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ
ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا(۱۲۴)وَمَنْ اَحْسَنُ
دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ
خَلِيْلًا(۱۲۵)وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا(۱۲۶)



اگر تم پر اللہ کا فضل اور رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کچھ لوگوں نے ضرور کوشش کی تھی کہ وہ تمہیں بہکا دیں مگر وہ اپنے علاوہ کسی کو نہ بہکا سکے اور وہ تمہیں کچھ نقصان نہ پہنچا سکتے تھے۔ اور اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی اور تمہیں وہ علم دیا جو تم نہیں جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔(113) بے کار ہیں سب خفیہ اجلاس اگر اُن کے ایجنڈا میں صدقات، خیرات دینے اور صُلح بین الناس کی بات شامل نہ ہو۔ یہ اللہ کی خوشنودی کے کام ہیں۔ اور ہم یہ کرنے والے کو جلد اجر عظیم دیں گے۔(114) اور جو ہدایت واضح ہو جانے کے بعد رسول کی مخالفت کرے اور مومنوں کا راستہ چھوڑ کر چلے تو ہم اُسے دیں گے وہی راستہ جو اُس نے بدلا اور ہم اسے داخل کریں گے جہنم میں اور وہ پہنچا بُری جگہ۔(115) بے شک اللہ اپنے ساتھ شریک ٹھہرانے والے کو ہرگز نہیں بخشے گا۔ مُشرک کے سوا، جسے چاہے گا بخش دے گا۔ اور جس نے اللہ کا شریک ٹھہرایا وہ دُور کی گمراہی میں جا پڑا۔(116) وہ اللہ کو چھوڑ کر عورتوں کو پکارتے ہیں (بُتوں کے نام عورتوں کے ناموں پر تھے۔) دراصل وہ کسی اور کو نہیں، سرکش شیطان کو پکارتے ہیں(117) جس پر اللہ نے لعنت کی۔ شیطان نے کہا، میں تیرے بندوں سے اپنا حصہ ضرور وصول کروں گا۔(118) اور اُنہیں راہ سے بھٹکاؤں گا اور انہیں اُمیدیں دلاؤں گا اور اُنہیں حکم دوں گا کہ وہ جانوروں کے کان کاٹیں اور اللہ کی مخلوق کی شکل بگاڑیں۔ جس نے اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنایا' اس نے صریحاً نقصان اٹھایا۔(119) شیطان اُن سے وعدہ کرتا ہے اور انہیں امیدیں دلاتا ہے اور شیطان دھوکہ کے سوا کیا دے سکتا ہے؟(120) ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور انہیں وہاں سے بھاگنے کی راہ نہیں ملے گی۔(121) ایمان لانے اور نیک عمل کرنے والوں کو ہم جلد جنت میں داخل کریں گے جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے اور اللہ کی بات سے سچی کس کی بات ہو سکتی ہے۔(122) تمہاری خواہشات پر اور نہ اہل کتاب کی خواہشات پر کچھ موقوف ہے۔ بُرا، بُرے کام کی سزا پائے گا اور اُسے اللہ کے سوا کوئی دوست اور مددگار نہ ملے گا۔(123) اگر مومن مرد یا عورت نے نیکی کا کام کیا تو وہ جنت میں داخل ہوگا اور اُس پر تِل برابر ظلم نہیں ہوگا۔(124) اور اس سے بہتر دین کس کا ہے۔ جس نے اپنا چہرہ اللہ کے لئے سیدھا کیا وہ محسن ہے اور ملت ابراہیم کی یکسو ہو کر پیروی کرنے والا ہے اور اللہ نے ابراہیم کو خلیل (دوست) مانا ہے۔(125) اور آسمانوں اور زمین کے درمیان ہر شے اللہ کی ہے۔ اور اللہ ہر شے کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔(126)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِى النِّسَآءِ ط قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ فِىْ يَتٰمَى النِّسَآءِ
الّٰتِىْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَاَنْ تَقُوْمُوْا
لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ط وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا(۱۲۷)وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ م
بَعْلِهَا نُشُوْزًااَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ط وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ط
وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ط وَاِنْ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا(۱۲۸)وَلَنْ
تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْحَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ط وَاِنْ
تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًارَّحِيْمًا(۱۲۹)وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ط وَكَانَ
اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا(۱۳۰)وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ط وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ
اُوْتُواالْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوااللّٰهَ ط وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا(۱۳۱)وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِى الْاَرْضِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ
وَكِيْلًا (۱۳۲)اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ
قَدِيْرًا(۱۳۳)مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَاللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَاوَ الْاٰخِرَةِ ط وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًام
بَصِيْرًا (۱۳۴)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ
اَوِالْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا وَاِنْ
تَلْوٗٓا اَوْتُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا(۱۳۵)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ
الَّذِىْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ط وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًام بَعِيْدًا(۱۳۶)



وہ آپؐ سے عورتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔انہیں کہہ دو، جو یتیم عورتوں کے بارے میں تمہیں کتاب سے سنایا جاتا ہے
اور جو اُن کے بارے میں حکم ہے، جسے تم انہیں دینا نہیں چاہتے اور ان سے یوں ہی نکاح کرنا چاہتے ہو۔اور نابالغ لڑکوں
کے بارے میں حکم ہے کہ تم یتیموں سے انصاف کرتے رہو۔اور تم جو بھلائی کرتے ہو، اللہ جانتا ہے۔(127) اور اگر
عورت کو اپنے خاوند کے لڑنے یا چھوڑنے کا خوف ہو تو اُن دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں صلح کر لیں۔اور صلح بہتر
ہے۔اور ہر نفس میں انا رکھ دی گئی ہے۔اور اگر تم احسان اور تقویٰ اختیار کرتے ہو تو اللہ کو معلوم ہے اور وہ با خبر
ہے۔(128) اور تم خواہش کے باوجود اپنی عورتوں کے درمیان عدل نہ کر سکو گے۔ایسا نہ ہو کہ سارے کے سارے ایک
طرف مائل ہو کر رہ جاؤ اور دوسری کو دوسری طرف لٹکتی چھوڑ دو۔اور اگر تم اصلاح کرو اور اللہ سے ڈرو تو اللہ بڑا غفور اور رحیم
ہے۔(129) اور اگر وہ تم سے الگ ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی وسعت سے غنی کر دے گا۔ اللہ واسع اور حکیم
ہے۔(130) اور آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ کی ہے۔اور ہم نے تم سے قبل جنہیں کتاب دی تھی انہیں کہا تھا اور تمہیں
بھی کہتے ہیں، اللہ سے ڈرو۔اور اگر تم کفر کرو تو آسمانوں اور زمین کی ہر شے کا مالک اللہ ہی ہے۔ اللہ غنی اور حمید
ہے۔(131) اور آسمانوں اور زمین کے درمیان جو کچھ بھی ہے اللہ کا ہے۔اور اللہ کارساز کافی ہے۔(132) اے لوگو!
اگر اللہ چاہے تو وہ تمہیں لے جائے اور دوسروں کو لے آئے اور اللہ ایسا کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔(133) اللہ کے پاس
طالب دنیا کے لیے دنیا میں، اور طالب آخرت کے لیے آخرت میں اجر ہے۔اور اللہ سننے اور دیکھنے والا ہے۔(134)
اے ایمان والو! انصاف پر قائم ہو جاؤ۔اللہ کے لئے گواہی دو،اگرچہ تمہاری جانوں کو یا والدین اور قرابت داروں کو نقصان
ہو،کوئی امیر ہو یا فقیر ہو۔اللہ سب سے بہتر خیر خواہ ہے۔تم خواہشات کے پیچھے نہ چلو اور عدل کو نہ چھوڑو۔اگر تم نے کج بیانی
کی یا پہلو تہی کی تو اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔(135) اے ایمان والو! اللہ، اللہ کے رسول، رسول پر نازلہ کتاب اور
اِس سے پہلے کی نازل کردہ کتابوں پر ایمان لاؤ۔اور جو اللہ اور اُس کے فرشتوں اور کتابوں اور اُس کے رسولوں اور آخرت
کے دن پر ایمان نہ لائے وہ دُور کی گمراہی میں جا پڑا۔(136)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ الَّـذِيْـنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا
لِيَهْـدِيَهُـمْ سَبِيْلًا(۱۳۷)بَشِّـرِ الْـمُـنٰـفِـقِيْـنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا(۱۳۸)نِ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ
الْـكٰـفِـرِيْـنَ اَوْلِيَـآءَ مِـنْ دُوْنِ الْـمُـؤْمِـنِيْـنَ ط اَيَبْـتَـغُـوْنَ عِـنْـدَهُـمُ الْعِـزَّةَ فَـاِنَّ الْعِـزَّةَ لِلّٰـهِ
جَمِيْعًا(۱۳۹)وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا
فَلَا تَـقْـعُـدُوْا مَـعَـهُـمْ حَتّٰـى يَـخُـوْضُـوْا فِـىْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِىْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا(۱۴۰)نِالَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ
الـلّٰـهِ قَـالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ
مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
سَبِيْلًا(۱۴۱)اِنَّ الْـمُـنٰـفِـقِيْـنَ يُـخٰـدِعُـوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا
كُسَـالٰـى يُـرَآءُ وْنَ الـنَّـاسَ وَلَا يَـذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا(۱۴۲)مُذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰى
هٰٓـؤُلَآءِ وَلَـآ اِلٰـى هٰٓـؤُلَآءِ ط وَمَـنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا (۱۴۳)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا
تَتَّـخِـذُوا الْـكٰـفِـرِيْـنَ اَوْلِيَـآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا
مُّبِيْـنًـا(۱۴۴)اِنَّ الْـمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا(۱۴۵)اِلَّا
الَّـذِيْـنَ تَـابُـوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَ اَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط
وَسَـوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا(۱۴۶)مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ
ط وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا(۱۴۷)



جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر ایمان لائے اور پھر کافر ہو گئے اور پھر کفر میں بڑھ گئے تو اللہ اُن کو بخشنے والا نہیں اور نہ
انہیں ہدایت کی راہ دکھائے گا۔(137) منافقوں کو نوید دے دو کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔(138) جو لوگ
مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست بناتے ہیں کیا وہ اُن کے پاس عزت ڈھونڈتے ہیں؟ ساری عزت تو اللہ کے پاس
ہے۔(139) تم پر کتاب میں نازل ہو چکا ہے کہ جب تم اللہ کی آیات جھٹلانے اور ان کا استہزا کرنے والوں کے ساتھ
بیٹھو گے تو تم اُن جیسے ہو جاؤ گے۔اس لئے جب تک وہ موضوع سخن بدل نہ لیں ان کے ساتھ نہ بیٹھو۔ بیشک اللہ منافقوں
اور کافروں کو جہنم میں اکٹھا کرنے والا ہے۔(140) جو لوگ تمہاری طرف دیکھتے ہیں۔ پھر اگر تمہیں اللہ کی طرف سے فتح
مل جائے تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور اگر فتح کافروں کا نصیب ہو جائے تو کہتے ہیں کیا ہم نے تمہیں چاروں
طرف سے گھیر کر محفوظ نہیں کر لیا تھا۔اور مومنوں کو بچا نہ لیا تھا۔اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ
کبھی بھی کافروں کو مسلمانوں پر حاوی نہیں کرے گا۔(141) بے شک منافق اللہ سے دھوکہ کرتے ہیں اور اللہ اُن کو اُن
کے دھوکے کا مزا چکھائے گا۔اور جب وہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو بے زاری سے مگر تھوڑے۔(142) اُن کے
درمیان تذبذب ہے نہ وہ اس طرف ہیں نہ اُس طرف۔ جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی راہ نہیں ملے گی۔(143) اے
ایمان والو! مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔کیا تم اپنے اوپر اللہ کا الزام لینا چاہتے ہو۔(144) بے شک
منافق آگ کے سب سے نچلے درجہ میں ہوں گے اور انہیں کوئی مددگار نہ ملے گا۔(145) مگر جنہوں نے توبہ کی اور
اصلاح کی اور اللہ کو پکڑ لیا اور اللہ کے لئے خالص دین پر عمل کیا تو وہ ایمان والوں کے ساتھ ہوں گے اور جلد اللہ مومنوں کو
اجر عظیم دے گا۔(146) اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکر کرو اور ایمان پر چلو اور اللہ شاکر اور جاننے والا
ہے۔(147) ☆☆